15 اکتوبر2014ء

## <u>سمندر پار پاکستانیوں نے پہلے تین ماہ میں 4.69ارب ڈالر بھجوائے</u>

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے رواں مالی سال (م س15ء) کے پہلے تین ماہ کے دوران4694.69 ملین ڈالر کی رقم وطن بھجوائی جس سے گذشتہ مالی سال (م س14ء) کے اسی عرصے بھجوائی گئی رقم3927.94 ملین ڈالر کے مقابلے میں19.52 فیصد کی متاثر کن نمو ظاہر ہوتی ہے۔

ستمبر 2014ء کے دوران سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب495.63 ملین ڈالر، 394.10 ملین ڈالر،235.99 ملین ڈالر،218.38 ملین ڈالر،213.11 ملین ڈالر، اور34.05 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ ستمبر 2013ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب373.58 ملین ڈالر، 276.03 ملین ڈالر،173.87 ملین ڈالر،190.09 ملین ڈالر،151.24 ملین ڈالر،33.85 ملین ڈالر تھیں۔ ستمبر 2014ء کے دوران ناروے، سوئٹزر لینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 125.33 ملین ڈالر رہیں جبکہ گذشتہ مالی سال (م س14ء) کے ماہ ستمبر میں ان ملکوں سے موصولہ رقم84.75 ملین ڈالر تھی۔

☆☆☆